


ولو ان ما فی الارض من شجرة اقلام والبحر یمده من بعده سبعة ابحر ما نفدت کلمات الله

بعون خالق زمین و زمان این قرآن مجید و فرقان حمید مترجم و محشی مع شصت صنائع و بدائع

ہوئے تھے حضرتِ عثمانؓ اوّل جامع قرآنؓ یہ ان عثمانِ ثانی کی توجہ سے چھپا مصحفؓ	وہ عثمانِ علی خان شاہِ ذی جاہ دکن جس کوؓ دعا دیتے ہین پڑھ پڑھ کر مسلمان جابجا مصحفؓ

یعنی توشۂ بابرکت مطبوع من برکاتِ الدولة الآصفیہ ۱۳۳۶ھ

تقریظ طبع کلام مجید نتیجۂ خامۂ بلاغت جامۂ سخنور عدیم المثیل نکتہ پرور بے عدیل منشی سید جمیل احمد صاحب جمیل سہسوانی منصبدار ریاستِ بھوپال سلمہ اللہ تعالیٰ

گر عظمتِ کلامِ خدا جان جائیے ۔۔۔ قرآن کے حرف حرف پہ قربان جائیے

الٰہی تیری حمد اور میرا منہ وہی مثل ہی کہ بڑی بات اور چھوٹا منہ لَا اُحْصِی ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ تیرے محبوب کی نعت اور میری زبان کہان مین ادنیٰ امتی کہان وہ پیمبر عالی شان ؎ محمد عربی کابروی ہر دو سراست ٭ کسی کہ خاکِ درش نیست خاک بر سر او ٭ صَلَوٰاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔ بعد اسکے عام مسلمین کو صلاۓ عام اور خاص شائقین کو فرداً فرداً قاریان کلام ربانی کو بشارت ہی اور تالیین تنزیل آسمانی کو اشارت کہ ان ایام فرخندہ فرجام مین یہ آفتاب جہانتاب ہدایت رہنمای شد وسعادت کتاب اللہ الوحید اعنی قرآن مجید و فرقان حمید مترجم و محشی محتوی صنائع و بدائع شتّی۔ باجازت و اعانتِ شہریار جمجاہ تاجدار خرشید کلاہ ناہج مناہج کامگاری عارج معارج نامداری محی الملۃ والدین نظام الملک آصفجاہ اعلیٰ حضرت والا منزلت میر عثمان علی خان بہادر سریرآرای ملکِ دکن بارک اللہ فی حیاتہ وثباتہ وضاعف فی اقبالہ حسناتہ مطبع گلشن ابراہیم لکھنؤ مین چھپکر مطبوع طبائع اہل ایمان و محبوب قلوب اہل عرفان ہوا ؎ | جلوۂ یار نہ تنہا دل و جان ابنواخت ۔۔۔ دل و جان باد فدایش دو جہان را بنواخت | اہل اسلام خلوص نیت سی فیضیاب کلام الٰہی ہون اور صدق عقیدت سے شکرگزار دولت علیۂ آصف جاہی جسکی بدولت یہ دولت عظمیٰ پائی اور یہ نعمت غیر مترقبہ ہاتھ آئی خلیفۂ برگزیدۂ ثالث حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی کوشش سی قرآن پاک جمع ہوا اور سمیّ عثمان یعنی حضور ممدوح الشان کی توجہ شاہانہ سی شصت گانہ صنائع و بدائع کے ساتھ طبع ہوا اعلیٰ حضرت نے تین ہزار روپیہ سی زائد اسکے صرف تکمیل و طبع کے لیے مجی حافظ محمد عبد اللطیف صاحب کو عنایت فرمایا جنھون نی ایجاد صنائع و ابداع بدائع مین بہت کچھ مشقت اٹھا کر اسکو طبع کرایا۔ یہ تو ایک شمۂ فیض شاہانہ حضور ہی۔ ورنہ اس سی کہین بڑھکر معمولاً بذل روزانہ حضور ہی۔ قدردانی ایسی کہ اہل کمال مالامال ہین مہربانی وہ کہ بیکس نہال ہین اشاعت علم کا درجہ معراج کمال پر پہونچا دیا خلیفہ مامون الرشید کا زمانہ یاد دلا دیا شعائر اسلام کی پابندی حضور انور کا شعار ہے اور ہمدردی اسلام و مسلمین وظیفۂ لیل و نہار ؎ | نازم کہ این مقولہ بخت رسائے اوست | اقبال دین و دولت دنیا برائے اوست | خلد اللہ جل و علا اس بادشاہِ عالی جاہ کو عمر خضر و اقبال سلیمان عطا فرمائے اور جملہ حوادث دوران سے محفوظ رکھکر اپنی مرضیات پر چلائے رُباعی دعائیہ

| ای خسرو دین پناہ سلطان زمن | عثمان علی اریکہ آرائے دکن | تابان رہے تیرا آفتاب اقبال | عثمان علی کا نام ہے تا روشن |



تاریخ طبع کلامِ مجید از شاعرِ عدیم المثیل مورخِ بیعدیل منشی سید جمیل احمد صاحب جمیلؔ سلمہ اللہ العزیز الجلیل

لبھاتا ہے مسلمانون کے دل نامِ خدا مصحف
نگاہین لوٹ ہین جسپر یہ ہے وہ خوش نما مصحف

ہمارا دین و ایمان جان و دل ہے جسکو کہتے ہین
کلام اللہ یا قرآن یا فرقان یا مصحف

الٰہی تیری رحمت سے ترا انعام ہے ورنہ
کہان ہم سے گنہگار اور کہان یہ بے بہا مصحف

لطافت کی بدایع کا نگارستان ہے یا قرآن
کتابت کی صنائع کا بہارستان ہے یا مصحف

یہ ہے انموذجِ فیض اوس مطاعِ اہلِ عالم کا
کہ ہے جس کی اطاعت کا مؤکّد برملا مصحف

وہ عثمانِ علی خان شاہِ ذی جاہِ دکن جسکو
دعا دیتے ہین پڑھ پڑھ کر مسلمان جابجا مصحف

ہوے تھے حضرتِ عثمانِ اوّل جامعِ قرآن
یہ ان عثمانِ ثانی کی توجہ سے چھپا مصحف

رہے یارب سلامت رہتی دنیا بہتے پانی تک
کہ اس سلطانِ دریادل نے چھپوایا ترا مصحف

محافظ یہ رہین اسلام کے توان کا حافظ ہو
زبانون پر روان سینون مین ہے محفوظ تا مصحف

جزاے خیر اے عبد اللطیف اللہ دے تمکو
کیا کس جانفشانی سے مرتب حبذا مصحف

جو سچ پوچھو تو اب تک ان صنائع ان بدایع کا
نہ دیکھا ہم نے آنکھون سے نہ کانون سے سنا مصحف

مسلمانو پڑھو اس کو عمل دل سے کرو اس پر
ہوا کیا طاق پر گھر مین اگر رکھا رہا مصحف

پڑھو اس کو ادب سے خشیتِ دل سے تدبّر سے
یہ سمجھو ہے کلامِ خالقِ ارض و سما مصحف

خدا کے خوف سے تھرا کے ریزہ ریزہ ہو جاتا
اگر بالفرض کرتا کوہ پر نازل خدا مصحف

گروہ سنگدل ہم ہین رؤین تک نے نہ کی جنبش
پڑھا دیکھا سنا گو رات دن مین بارہا مصحف

عمل کرنے کی توفیق ان پہ تو ہم کو عنایت کر
حدیثِ احمدِ مرسل ہو یارب یا ترا مصحف

جمیلؔ اس مصرعۂ موزون سے سالِ طبع روشن ہے
نرالی صنعتون سے بے بدل چھپا پا گیا مصحف
۳۶   ۱۲ھ

قطعۂ تاریخ طبع قرآنِ مجید از سخنورِ بیمثال منشی حاجی سید تجمل حسین صاحب تجمّلؔ قادری فخری چشتی نظامی جلالپوری تقیم بمبئی

بعد حمدِ خداے کون و مکان
اور نعتِ رسولِ انس و جان

پھر دکھاؤن مین اہلِ ایمان کو
جو ہر خامۂ گہر افشان

مثلِ خورشید اس زمانے مین
کس کا مہرِ کرم ہے نور افشان

آج دنیا مین کعبۂ حاجات
کس کا ہے آستان فیض نشان

کون ہے قدردانِ اہلِ علم
کس کے در پر ہین جمع اہلِ زبان

یاورِ دین و حامیِ اسلام
والیِ و غمگسار غمزدگان

اپنے دل کی مراد پاتے ہین
رہتے ہین شادکام پیر و جوان

یعنی ایسی رقم عنایت کی
طبع ہو جاے جس سے وہ قرآن

کیا صنائع ہین دلکش و دلچسپ
اسکی خوبی پہ جان و دل قربان

صفحے صفحے کی سطر سطر مین ہے
جلوۂ دلپذیر اہلِ جہان

سالِ ہجری کہا تجمّلؔ نے
صنعت طرفہ سے چھپا قرآن ۱۳

عطیہ سے تیرے یہ قرآن چھپ کر
ہوا نور افزاے چشمِ مسلمان

ملین تجھکو اعلےٰ سے اعلےٰ مراتب
کہا جائے تو والیِ فخرِ دوران

آل و اصحابِ مصطفےٰ پر ہو
روز و شب رحمتِ خدائی زمان

کس کے جود و سخا کی شہرت ہے
کون ایسا ہے حاتمِ دوران

شاہ جمجاہ کس کو کہتے ہین
کس کی مدحت ہے سب کے وردِ زبان

کون وہ والیِ ریاست ہے
خوبیون کا ہے جسکی سکہ روان

وہ ہین شاہِ دکن حضور نظام
بہرِ مخلوق رحمتِ یزدان

لطف سے بندگانِ عالی کے
ہوتے ہین کامیاب اہلِ جہان

شاہِ ذی جاہ کی توجہ سے
نکلے عبد اللطیف کے ارمان

جسمین ہے صنعتِ عجیب و غریب
دیکھکر جس کو عقل ہو حیران


ہو گیا طبع وہ کلامِ مجید
نادرِ روزگار و خوش عنوان

معجزہ یہ کلامِ باری کا
بَارَکَ اللّٰہ ہو رہا ہے عیان

زمانے مین ای میر عثمان علی خان
تمام اہلِ ایمان ہین تیرے ثنا خوان

خداوندِ عالم تجھے شاد رکھے
کیا تو نے دل مستمندون کا شادان

تجمّلؔ نے لکھا ہے یہ سالِ فصلی
چھپا کیسے عنوان خوبی سے قرآن ۱۳



وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمٰتُ اللّٰهِ

یعنی خالق زمین و زمان این قرآن مجید و فرقان حمید مترجم و محشی مع شصت صنائع و بدائع

وہ عثمان علی خان شاہ ذی جاہ دکن جس کو دعا دیتے ہین بڑھ بڑھ کر مسلمان جا بجا مصحف	ہوئے تھے حضرت عثمان اوّل جامع قرآن یہ ان عثمان ثانی کی توجہ سے چھپا مصحف


یعنی توشۂ بابرکت مطبوع من برکات الدولة الآصفیه ۱۳۳۶ھ

تقریظ طبع کلام مجید ریختۂ خامۂ بلاغت جامہ سخنور عدیم المثیل نکتہ پرور بے عدیل منشی سید جمیل احمد صاحب جمیل سہوانی منصبدار ریاست بھوپال سلمہ اللہ تعالی

گر عظمت کلام خدا جان جائیے — قرآن کے حرف حرف پہ قربان جائیے

الٰہی تیری حمد اور میرا منہ وہی مثل ہی کہ بڑی بات اور چھوٹا منہ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ تیرے محبوب کی نعت اور میری زبان کہاں مین ادنی امتی کہاں وہ پیمبر عالی شان ؎ محمد عربی کابروی ہر دو سراست • کسی کہ خاک درش نیست خاک بر سر او • صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔ بعد اسکے عام مسلمین کو صلاے خاص شائقین کو فرداً فرداً قاریان کلام ربانی کو بشارت ہی اور تالیین تنزیل آسمانی کو اشارت کہ ان ایام فرخندہ فرجام مین یہ آفتاب عالمتاب ہدایت رہنمای رشد و سعادت کتاب اللہ الوحید اعنی قرآن مجید و فرقان حمید مترجم و محشی محتوی صنائع و بدائع شتی۔ باجازت و اعانت شہریار جمجاہ تاجدار خرشید کلاہ ناہج مناہج کامگاری عارج معارج نامداری محی الملة والدین نظام الملک آصفجاہ اعلی حضرت والا منزلت میر عثمان علی خان بہادر سریرآرای ملک دکن بارک اللہ فی حیاته و ثباته و ضاعف فی اقباله و حسناته مطبع گلشن ابراہیم لکھنؤ مین چھپکر مطبوع طبائع اہل ایمان و محبوب قلوب اہل عرفان ہوا ؎ جلوۂ یار نہ تنہا دل و جان ابنواخت — دل و جان باد فدایش دو جہان را بنواخت — اہل اسلام خلوص نیت سی فیضیاب کلام الٰہی ہون اور صدق عقیدت سے شکرگزار دولت علیہ آصف جاہی جسکی بدولت یہ دولت عظمی پائی اور یہ نعمت غیر مترقبہ ہاتھ آئی خلیفۂ برگزیدۂ ثالث حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی کوشش سی قرآن پاک جمع ہوا اور سمّی عثمان یعنی حضور ممدوح الشان کی توجہ شاہانہ سی شصت گانہ صنائع و بدائع کے ساتھ طبع ہوا اعلی حضرت نے تین ہزار روپیہ سی زائد اسکے صرف تکمیل و طبع کے لیے محشی حافظ محمد عبد اللطیف صاحب کو عنایت فرمایا جنھون نی ایجاد صنائع و ابداع بدائع مین بہت کچھ مشقت اٹھا کر اسکو طبع کرایا۔ یہ تو ایک شمۂ فیض شاہانہ حضور ہی۔ ورنہ اس سی کہین بڑھکر معمولاً بذل روزانۂ حضور ہی۔ قدردانی ایسی کہ اہل کمال مالامال ہین مہربانی وہ کہ بیکس نہال ہین اشاعت علم کا درجہ معراج کمال پر پہونچا دیا خلیفہ مامون الرشید کا زمانہ یاد دلا دیا۔ شرائع اسلام کی پابندی حضور انور کا شعار ہے اور ہمدردی اسلام و مسلمین وظیفۂ لیل و نہار ؎ نازم کہ این مقولہ بخت رسائے اوست — اقبال دین و دولت دنیا برائے اوست — خداوند جلّ و علا اس بادشاہ عالی جاہ کو عمر خضر و اقبال سلیمان عطا فرمائے اور جملہ حوادث دوران سے محفوظ رکھکر اپنی مرضیات پر چلائے رُبَاعِیْ دُعَائِیَّہ

اے خسرو دین پناہ سلطان زمن	عثمان علی اریکہ آرائے دکن	تابان رہے تیرا آفتاب اقبال	عثمان و علی کا نام ہے تا روشن



تاریخ طبع کلامِ مجید از شاعرِ عدیم المثیل مؤرخ بی عدیل منشی سید جمیل احمد صاحب جمیل سلمہ اللہ العزیز الجلیل

لبھاتا ہے مسلمانون کے دل نامِ خدا مصحف
ہمارا دین و ایمان جان و دل ہے جسکو کہتے ہین
الٰہی تیری رحمت ہے ترا انعام ہے ورنہ
لطافت کی بدایع کا نگارستان ہے یا قرآن
یہ ہے انموذجِ فیض اوس مطاعِ اہلِ عالم کا
وہ عثمانِ علی خان شاہِ ذی جاہِ دکن جسکو
ہوے تھے حضرتِ عثمانِ اوّل جامع قرآن
رہے یارب سلامت رہتی دنیا بہتے پانی تک
محافظ یہ رہین اسلام کے تو ان کا حافظ ہو
جزاے خیر اے عبداللطیف اللہ دے تمکو
جو سچ پوچھو تو اب تک ان صنائع ان بدائع کا
مسلمانو پڑھو اس کو عمل دل سے کرو اس پر
پڑھو اس کو ادب سے خشیتِ دل سے تدبّر سے
خدا کے خوف سے تھرا کے ریزہ ریزہ ہوجاتا
مگر وہ سنگدل ہم ہین رؤین تک نے نہ کی جنبش
عمل کرنے کی توفیق اِن پہ تو ہم کو عنایت کر
جمیل اس مصرعۂ موزون سے سالِ طبع روشن ہے

نگاہین لوٹ ہین جسپر یہ ہے وہ خوش نما مصحف
کلام اللہ یا قرآن یا فرقان یا مصحف
کہان ہم سے گنہگار اور کہان یہ بے بہا مصحف
کتابت کی صنائع کا بہارستان ہے یا مصحف
کہ ہے جس کی اطاعت کا مؤکّد برملا مصحف
دعا دیتے ہین پڑھ پڑھ کر مسلمان جابجا مصحف
یہ اِن عثمانِ ثانی کی توجہ سے چھپا مصحف
کہ اِس سلطانِ دریادل نے چھپوایا ترا مصحف
زبانون پر روان سینون مین ہے محفوظ تا مصحف
کیا کس جانفشانی سے مرتب حبّذا مصحف
نہ دیکھا ہم نے آنکھون سے نہ کانون سے سنا مصحف
ہوا کیا طاق پر گھر مین اگر رکھا رہا مصحف
یہ سمجھو ہے کلام خالق ارض و سما مصحف
اگر بالفرض کرتا کوہ پر نازل خدا مصحف
پڑھا دیکھا سُنا گو رات دن مین بارہا مصحف
حدیثِ احمدِ مرسل ہو یارب یا ترا مصحف
نرالی صنعتون سے بے بدل چھپا پا گیا مصحف
۳۶ ۱۳ھ

قطعۂ تاریخ طبع قرآنِ مجید از سخنور بیمثال منشی حاجی سید تجمل حسین صاحب تجمل قادری فخری چشتی نظامی جلالپوری مقیم بمبئی

بعد حمدِ خدا ے کون و مکان
پھر دکھاؤن مین اہلِ ایمان کو
مثلِ خورشید اس زمانے مین
آج دنیا مین کعبۂ حاجات
کون ہے قدر دان اہلِ علم
یاورِ دین و حامیِ اسلام
اپنے دل کی مراد پاتے ہین
یعنی ایسی رقم عنایت کی
کیا صنائع ہین دلکش و دلچسپ
صفحے صفحے کی سطر سطر مین ہے
سال ہجری کہا تجمل نے
عطیہ سے تیرے یہ قرآن چھپ کر
ملین تجھکو اعلےٰ سے اعلےٰ مراتب

اور نعتِ رسولِ انس و جان
جوہر خامۂ گہر افشان
کس کا مہرِ کرم ہے نور افشان
کس کا ہے آستان فیض نشان
کس کے در پر ہین جمع اہلِ زبان
والی و غمگسارِ غمزدگان
رہتے ہین شادکام پیر و جوان
طبع ہوجاے جس سے وہ قرآن
اسکی خوبی پہ جان و دل قربان
جلوۂ دلپذیرِ اہلِ جہان
صنعتِ طرفہ سے چھپا قرآن
ہوا نور افزاے چشم مسلمان
کہا جائے تو والی فخر دوران

آل و اصحاب مصطفےٰ پر ہو
کس کے جود و سخا کی شہرت ہے
شاہ ذیجاہ کس کو کہتے ہین
کون وہ والی ریاست ہے
وہ ہین شاہ دکن حضور نظام
لطف سے بندگان عالی کے
شاہ ذی جاہ کی توجہ سے
جسمین ہے صنعت عجیب و غریب
ہوگیا طبع وہ کلام مجید
معجزہ یہ کلام باری کا
زمانے مین اے میر عثمان علی خان
خداوند عالم تجھے شاد رکھے
تجمل نے لکھا ہے یہ سال فصلی

روز و شب رحمتِ خدای زمان
کون ایسا ہے حاتمِ دوران
کس کی مدحت ہے سب کے وردِ زبان
خوبیون کا ہے جسکی سکہ روان
بہر مخلوق رحمتِ یزدان
ہوتے ہین کامیاب اہلِ جہان
نکلے عبداللطیف کے ارمان
دیکھکر جس کو عقل ہو حیران
نادرِ روزگار و خوش عنوان
بَارَكَ اللهُ ہو رہا ہے عیان
تمام اہلِ ایمان ہین تیرے ثنا خوان
کیا تو نے دل مستمندون کا شادان
چھپا کیسے عنوانِ خوبی سے قرآن

فہرست صنائع و بدائع کُل قرآن مجید مع تفصیل دیگر فوائد جو ساٹھ خوبیون سی زائد پر مشتمل ہو کر مُزیّن ہوا ہے

اقسام صنائع	تعریفات صنائع	امثال صنائع
صنعت مدوّر بخط کوفی	لفظ محمد بخط کوفی وخط گلزار مین تحریر ہے اور سیم ثانی محمد آٹھ شاخون پر تقسیم ہوئی ہے یہ ہر شاخ اوپر پھیل کر دو شاخہ بنی ہے جس کی ہر شاخ سے لفظ محمد بنا ہے جو سولہ طرف سے سیدھا اور اولٹا پڑھا جاتا ہے۔ دوسری سیم محمد کے مربع دائری مین سورہ فاتحہ مع تعداد آیات اس صنعت پر ہی کہ جسکی ہر ابتدا اسطر الف سے تحریر کی گئی ہے	مثال صفحہ ۲ پر بشکل گلدستہ موجود ہے
صنعت مقابلہ صفحتین	ہر صفحہ ۲۵ سطری ہے۔ صفحات مقابلہ وہ کہ جو حروف صفحات جفت کے ابتدا اسطور مین واقع ہون وہی حروف صفحات طاق کے اوائل سطور مین پائے جاوین۔	صفحہ ۴ کا مقابلہ ۵ سی اور ۶ کا ۷ سی علی ہذا صفحات تک ہر ایک صفحہ کا مقابلہ ہے
صنعت مقابلہ حرفین	مقابلہ حروف وہ ہے کہ جن جن حرفون سے فوقانی بارہ سطور شروع ہون انھین حرفون سی تحتانی بارہ سطرین بھی شروع پائی جائین۔	یہ صنعت تمام صفحات پر مقدم ہے
ایضاً	مقابلہ حروف دیگر وہ کہ جس حرف سی ابتدا اسطر شروع ہو اُسی حرف سے آخر اور درمیانی سطور شروع ہو کر مقابلہ ثابت کیے	باستثنا سے صفحات ۱۰۸ و ۱۰۹
صنعت تجنیس قلب مستوی یا معکوس	قلب مستوی وہ کہ علی الترتیب قلب کل کرنے سے ایک جنس کے الفاظ بن جائین چنانچہ ہر صفحہ کے ابتدا حرف سے دوسرے اسی حرف تک قلب کرنے سے وہی لفظ بن جاتا ہے اور ایک لفظ کے بعد خواہ یہی حرف یا اسکے ہموزن دوسرے الفاظ ہر صفحہ کے آخر تک علی الترتیب بنائے گئے ہین قدرے علامت جلی جیسی کہ ابتدائے سطر مین اور علامت خفی حاشیہ پر بتائی گئی ہے اسی طرح سی ہر لفظ تمام ہونے پر یہی جلی علامت پائی جائیگی علی ہذا ایک لفظ سی لیکر بعض صفحات پر آٹھ آٹھ نو نو لفظ بنے ہین جو ایک علامت جلی سی دیگر جلی علامت تک با سانی لفظ بنا معلوم ہوتا ہے	اردو مصراع کی مثال سلہ شکر بتر از دوے وزارت بر کش دیگر ۵۲ دیدہ ما نامہ ہم آن آمدہ ید پر عربی تمثیلات کلام مالک و حمت وغیرہ ابتدا سی انتہا تک ہر صفحہ پر موجود ہین
صنعت مقابلہ لفظین	صنعت مقابلہ لفظ وہ کہ فوقانی بارہ سطور اوائل سی جو الفاظ بنے ہون وہی الفاظ تحتانی ۱۲ سطور سی بطریق بالا بنین	یہ بھی ہر صفحہ پر مقدم صنعت ہے
صنعت الفاظ معکوس	صنعت معکوس وہ کہ ابتدا حروف بالترتیب جمع کرنے سے جو لفظ بنا ہو معکوس کرنے سے وہی لفظ دوسرا بن جائے	اِنّما کو معکوس کرنے سی اَمنا صفحہ ۵ وغیرہ
بطریق ثالث و چہارم	وہ کہ بطریق صدر صرف آخر حرف ترک کرنے سے جو لفظ بنا ہو اسی طور سے ابتدا حرف ترک کرنے سی آخر حرف سے بصورت قلب وہی لفظ مستوی بن جاے۔ اسی کے اندر دوسری صنعت یہ بھی پیدا ہے کہ درمیانی حرف سے ہر دو طرف پڑھا جائے تو دو لفظ ایک قسم کے بن جائین۔	مثال اَمْ لَمّا۔ اَمْرُ مَرّا۔ مثال درمیان پڑھنے کی لَمّا۔ اور رِمّا جو ہر دو طرف پڑھا جا سکتا ہے
صنعت رقطا	انھین صنائع مین منقوطہ غیر منقوطہ وصل الشفتین و واسع الشفتین و رقطا کی رعایات بھی ہین صنعت رقطا وہ کہ ایک حرف منقوطہ اور دوسرا غیر منقوطہ ہو اور رقطا مین عایت فوق النقاط تحت النقاط کا اکثر صفحات پر لحاظ ہی غرضکہ ہر صفحہ پانچ صنعتون سی مرتب ہے	اُمّما۔ کلام مالک اِلّا اَو لَوا غیر منقوطہ ہر فرد حرف غیر منقوطہ ہر مرکب وصل الشفتین واسع الشفتین رقطا ان آنا انا نا وغیرہ
صنعت توشیح	وہ کہ اوائل سطور کے حروف جمع کرنے سے نام یا مادۂ تاریخ برآمد ہو چنانچہ آخر صفحہ کی ۱۱ سطور سے وہ مادۂ تاریخ برآمد ہوتا ہے جس سال کہ یہ قرآن مجید پیش گاہ خسروی مین پیش ہوا اسی وجہ سے بنام نامی والا شان معنون کرکے (خوان عثمانیہ) سے موسوم کیا گیا۔ بقیہ حروف اوائل سے نام کاتب لطیف مالوی برآمد ہے۔	خوان عثمانیہ بطغرا
صنعت مضمر	وہ کہ پوشیدہ دل مین کوئی حرف لیا ہوا بتایا جا چنانچہ اسکا نقشہ قواعد مضمری سی مرتب ہے جسمین علاوہ پوشیدہ حرف بتانے کے ہر صفحہ کی ہر سطری اُسی حرف کی تعداد بھی غائبانہ بتانی کی ترکیب تحریر ہے جو کہ پوشیدہ لیا گیا ہی خواہ کسی صفحہ کسی سطر مین ہو	قواعد مضمری کی ترکیب مع نقشہ کے علحدہ تحریر ہے جو متعلقہ قرآن مجید ہے

تفصیل متعلقہ ضمیمات قرآن پاک

ترجمہ مولانا مولوی شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ فوائد موضح القرآن حضرت موصوف۔ جمع و ترتیب و نزول کے حالات۔ فضائل القرآن۔ آداب القرآن۔ تلاوت کرنیکی اوقات بلحاظ موسم۔ ثواب تلاوت کی تفصیل بحساب کل حروف قرآن مجید اور اسکے دس گنے ثواب کی تعداد۔ رسالہ قرأت مع نقشہ ہر سہ گانہ تنوین۔ سورہ فاتحہ مین سات مقام کو احتیاط سے پڑھنے کی تفصیل۔ اٹھارہ ان مقامات کی تفصیل جنکی تبدل اعراب سے کفر و فساد نماز عائد ہوتا ہے۔ دیگر سات مقام کی تفصیل جنکی صفات کی تبدیل سی کفر و فساد نماز لازم آتا ہے۔ (۲۷) مقامات کی تفصیل جو بلحاظ رسم الخط الف زوائد سے ہین اور جو آواز الف سے نہین پڑھے جاتے۔ بعض خاص سورو آیات کی مختصر خاصیات۔ اکثر سورو آیات کی مفصل خاصیات۔ شرح آیات ناسخ و منسوخ۔ فہرست مضامین آیات۔ تعداد کل حروف الف سے یا تک۔ تعداد کل حروف۔ تعداد کل آیات۔ تعداد ربع القرآن بحساب شمار حروف۔ و نصف القرآن و ثلث القرآن۔ ختم القرآن کی تعداد حسب شرح صدر۔ تعداد کل سورہ۔ کل رکوع۔ کل فتحہ۔ کل کسرہ۔ کل ضمہ۔ کل تشدید۔ کل سکون۔ کل مدات۔ کل نقاط۔ تعداد کل کلمات مع تفصیل اعشار و کوفی وغیرہ۔ دعای ختم القرآن جدید۔ تقاریظ علمای مشاہیر و نظم و نثر۔ تواریخ طبع قرآن و صحت وغیرہ وغیرہ۔ تقاریظ نظم شعرا۔ مخارج اداکی کی طریق۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب از علم الفقہ

ART
Books
Call
Sub

قرآن مجید کے نزول و جمع و ترتیب کے حالات

جاننا چاہیے کہ قرآن مجید کیا چیز ہے ایک مقدس کتاب ہے جو نبی آخرالزمان بہترین پیغمبران محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی یہ مالک عرش و کرسی کا کلام ہے جو اُس نے اپنے ایک برگزیدہ پیغمبر اور مقرب بندے سے کیا ہے۔ اسلام کی بنا اسی پاک آسمانی فرمان پر ہے جس نے اطاعت کی وہ حلقۂ اسلام مین داخل ہوا۔ جسنے ذرا بھی سرکشی کی وہ اس پاکیزہ جماعت سے خارج ہوگیا اللہ جل شانہ کے باغیون مین شامل ہوا۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سن شریف چالیس برس کا ہوا اوسوقت آپکو خلعت نبوت کا عطا ہوا اور تاج رسالت آپکے سر مبارک پر رکھا گیا۔ اسی زمانہ سے نزول قرآن مجید کی ابتدا ہوئی وقتاً فوقتاً بہ حسب حاجت و ضرورت تھوڑا تھوڑا تیئس برس تک نازل ہوتا رہا۔ اگلی کتابونکی طرح پورا ایک ہی مرتبہ نازل نہین ہوگیا۔ صحیح یہ ہے کہ بعد آپ کی نبوت کے رمضان شریف کی شب قدر مین پورا قرآن مجید لوح محفوظ سے اس آسمان پر جسے ہم دیکھ رہے ہین حسب حکم رب العزت نازل ہوگیا اور بعد اسکے حضرت جبیرل علیہ السلام کو جسوقت جسقدر حکم ہوا انھون نے اِس مقدس کلام کو بعینہ بے کم وبیش و بے تغیر و تبدل نبی صلے اللہ علیہ وسلم تک پہونچا دیا۔ کبھی ۲ دو آیتین کبھی ۳ تین آیتین کبھی ایک آیت سے بھی کم کبھی ۱۰ دس آیتین کبھی کبھی پوری پوری سورتین اسی کو شریعت مین وحی کہتے ہین۔ علماء نے وحی کے متعدد طریقے احادیث سے استخراج کیے ہین (۱) فرشتہ وحی لیکر آئے اور ایک آواز مثل گھنٹی کے معلوم ہو یہ کیفیت متعدد صحیح حدیثون سے ثابت ہے اور یہ قسم وحی کی تمام اقسام مین سخت تھی بہت تکلیف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو ہوتی تھی حتی کہ آپ نے فرمایا جب کبھی ایسی وحی آتی ہے تو سمجھتا ہون کہ اب جان نکل جائیگی (۲) فرشتہ دل مین کوئی بات ڈال دے۔ (۳) فرشتہ آدمی کی صورت مین آکر ہمکلام ہو۔ یہ قسم بہت آسان تھی اسمین تکلیف نہ ہوتی تھی (۴) اللہ تعالی بلاواسطہ بیداری مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کلام فرمائے جیسا کہ شب معراج مین (۵) حق تعالی حالت خواب مین کلام فرمائے یہ قسم بھی صحیح احادیث سے ثابت ہے (۶) فرشتہ حالت خواب مین آکر کلام کرے۔ مگر اخیر دو قسمونکی وحی سے قرآن مجید خالی ہے۔ تمام قرآن مجید حالت بیداری مین نازل ہوا اگرچہ بعض علماء نے سورہ کَوثر کو اخیر قسم سے قرار دیا ہے مگر محققین نے اُسکو رَد کیا ہے اور اون کے شبہ کا کافی جواب دیدیا ہے (اِتقان) قرآن مجید کے بدفعات نازل ہونے مین یہ بھی حکمت تھی کہ اسمین بعض وہ آیتین تھین جن کا کسی وقت منسوخ کردینا خداتعالی کو منظور تھا۔ قرآن مجید مین تین قسمین منسوخات کی ہین بعض وہ جنکا حکم بھی منسوخ اور تلاوت بھی منسوخ مثال (۱) سورہ لم یکن مین لَوْ کَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِیًا مِّنْ مَّالٍ لَاحَبَّ اَنْ یَکُوْنَ اِلَیْهِ الثَّانِیْ لَاحَبَّ اَنْ یَّکُوْنَ اِلَیْهِمَا الثَّالِثُ وَلَا یَمْلَاءُ جَوْفَ ابْنِ اٰدَمَ اِلَّا التُّرَابُ وَیَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰی مَنْ تَابَ بھی تھا (۲) دعاء قنوت بھی قرآن مجید کی دو سورتین تھین بعض وہ ہین جنکی تلاوت منسوخ ہوگئی مگر حکم باقی ہے جیسے آیت رجم کہ حکم اسکا باقی ہے مگر تلاوت اسکی نہین ہوتی یہ دونون قسمین قرآن مجید سے نکالدی گئین اور ان کا لکھنا بھی قرآن مجید مین جائز نہین بعض وہ ہین جنکی تلاوت باقی ہے مگر حکم منسوخ ہوگیا ہے یہ قسم قرآن مجید مین داخل ہے اور اسکی بہت مثالین ہین بعض لوگون نے مستقل تصانیف مین انکو جمع کیا ہے فن تفسیر مین اِس سے بہت بحث ہوتی ہے مگر یہ مقام اون کی تفصیل کا نہین لیکن ایک نقشہ تفصیلی آگے تحریر ہے

جب شافع قیامت پناہ امت حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رفیق اعلی جل مجدہ کے جوار رحمت مین سکونت اختیار فرمائی اور نزول وحی موقوف ہوگیا قرآن مجید کسی کتاب مین جیسا کہ آج کل ہے جمع نہ تھا۔ متفرق چیزون پر سورتین اور آیتین لکھی ہوئین تھین اور وہ مختلف لوگون کے پاس تھین اکثر صحابہ کو پورا قرآنمجید زبانی یاد تھا سب سے پہلے قرآن مجید کے ایک جگہ کرنیکا خیال حضرت امیرالمومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دل مین پیدا ہوا اور حق تعالی نے اونکے ذریعہ سے اپنے اُس سچے وعدہ کو پورا کیا جو اپنے پیغمبر سے کیا تھا یعنی یہ کہ قرآن مجید کے ہم حافظ ہین اُسکا جمع کرنا اور حفاظت کرنا ہمارے ذمہ میں ہے۔ یہ زمانہ حضرت المومنین صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت راشدہ کا تھا حضرت فاروق نے انکی خدمت مین عرض کیا کہ حفاظ قرآن شہید ہوتے جاتے ہین اور بہت سے جنگ یمامہ مین شہید ہوگئے مجھے خوف ہے کہ اگر یہی حالت رہی تو بہت بڑا حصّہ قرآن مجید کا ہاتھ سے جاتا رہیگا لہذا مین مناسب سمجھتا ہون کہ آپ اسطرف توجہ فرمائیے اور قرآن مجید جمع کرنیکا اہتمام کیجیے حضرت صدیق نے فرمایا کہ جو کام نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین کیا اُسکو تم کیسے کرسکتے ہو حضرت فاروق رض نے عرض کیا کہ خدا کی قسم یہ بہت اچھا کام ہے۔ پھر وقتاً فوقتاً حضرت فاروق رض اسکی تحریک کرتے رہے حتی کہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے قلب مبارک مین یہ بات جم گئی انھون نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو طلب کیا اور یہ سب قصہ بیان کرکے فرمایا کہ قرآن مجید جمع کرنیکے لئے مین نے آپ کو منتخب کیا ہے آپ کاتب وحی تھے اور جوان صالح، انھون نے بھی عذر کیا کہ جو کام نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین کیا اسکو آپلوگ کیسے کرسکتے ہین بالآخر وہ بھی راضی ہوے اور اُنھون نے نہایت اہتمام بلیغ سے قرآن مجید جمع کرنا شروع کیا۔

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے منتخب کرنیکی وجہ علماء نے یہ لکھی ہے کہ ہر سال رمضان مین حضرت جبیرل علیہ السلام سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم قرآن مجید کا دور کیا کرتے تھے اور سال وفات مین دو مرتبہ قرآن مجید کا دور ہوا اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اِس اخیر دورے مین شریک تھے اور اس اخیر دورے کے بعد پھر کوئی آیت منسوخ نہین ہوئی جسقدر قرآن شریف اِس دورے مین پڑھا گیا وہ سب باقی رہا لہذا انکو منسوخ التلاوۃ آیتون کا خوب علم تھا (شرح السنۃ)

جب قرآن مجید صحابہ کے اہتمام سے جمع ہوچکا حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ خلافت مین اسکی نظر ثانی کی اور جہان کہین کتابت مین غلطی ہوگئی تھی اسکی تصحیح فرمائی سالہا سال اسکی فکر مین رہے اور اکثر اوقات صحابہ سے مناظرہ بھی کیا کبھی صحت اس مکتوب کی ظاہر ہوتی تھی کبھی اسکے خلاف پس فوراً اسکو صحیح کردیتے تھے۔ پھر

جب یہ سب مدارج طے ہوچکے حضرت فاروق رضہ نے اُسکے پڑھنے پڑھانے کا سخت اہتمام کیا حفاظ صحابہ کو دور دراز ملکون مین قرآن وفقہ کی تعلیم کیلئے بھیجا جسکا سلسلہ ہم تک پہونچا۔ حق یہ ہے کہ حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کا احسان اِس بارمین تمام امت محمدیہ پر یہ ہے کہ انہین کی بدولت آج ہمارے پاس قرآن مجید موجود ہے اور ہم اُسکی تلاوت سے فیضیاب ہوتے ہین اِس احسان کی مکافات کِس سے ہوسکتی ہے۔ اے اللہ اپنے رضوان کی خلعتین اِن سب کے زیب بدن فرما اور تاج کرامت وخلعت اِن کے مقدس سر پر رکھ آمین الٰہ العالمین۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اِس احسان کو اور بھی کامل کردیا اپنے زمانہ خلافت مین انہون نے اِس مصحفِ پاک کی سات نقلین کرکے ممالک بعیدہ مین بھیجدین اور اختلافِ قرأت کیوجہ سے جو فسادات برپا ہورہے تھے اور ایک دوسرے کی قرأت کو خلافِ حق اور باطل سمجھتا تھا اِن سب جھگڑون سے دین اسلام کو پاک کرکے صرف ایک قرأت پر سب کو متفق کردیا اب بحمداللہ تعالیٰ جیسی مضبوط کتاب یعنی قرآن مجید اہل اسلام کے پاس ہے کوئی مذہب دنیا مین اِسکی مثال نہین لاسکتا۔ انجیل وتوریت کی حالت ناگفتہ بہ وہ تحریف وتبدیل ہوئی کہ الامان۔ قرآن مجید کی نسبت مخالفون کو اقرار ہے کہ ہان یہ وہی کتاب ہے جسکی نسبت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کلامِ خدا ہونے کا دعویٰ فرمایا تھا۔ اسمین کسی قسم کی کمی زیادتی اِن کے بعد نہین ہوئی وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذَالِكَ قرآن مجید مین آیتون اور سورتون کی ترتیب جو اس زمانہ مین ہے یہ بھی صحابہ نے دی ہے مگر نہ اپنی راے اور قیاس سے بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس ترتیب سے پڑھتے تھے اور جو ترتیب اُس عہد مبارک مین تھی اُسکے ذرا بھی خلاف نہین کیا صرف دو سورتون کی ترتیب البتہ صحابہ ؓ نے اپنے قیاس سے دی ہے براۃ اور انفال تو یہ بھی یقیناً خلاف لوح محفوظ نہ ہوگی جس چیز کا قادر قوی حافظ ہو اس مین ترتیب بھی خلاف مرضی نہین ہوسکتی بعض اور صحابہ نے بھی مثل ابن مسعودؓ اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہما کے قرآنِ مجید کو جمع کیا تھا کسی کی ترتیب نزول کے موافق تھی کسی کی اور کسی طرح جابجا منسوخ التلاوۃ آیتین بھی انمین کسی غرض سے مندرج تھین کہین کہین تفسیری الفاظ بھی انمین لکھے ہوے تھے ان سب مصاحف کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لے لیا ورنہ آگے چل کر انکی وجہ سے سخت اختلاف پڑتا علاوہ اسکے یہ متفقہ قوت جو اِس مصحفِ پاک جمع کرنے مین تھی اِن مصاحف مین کہان وہ صرف ایک ہی شخص کی محنت کا نتیجہ تھا اِس سبب سے اور بھی خرابیان انمین ہونگی۔ صحابہ کے زمانہ مین قرآن مجید مین سورتون کے نام پارون کے نشانات وغیرہ کچھ نہ تھے بلکہ حرفون کے اوپر نقطے بھی نہ دے گئے تھے بلکہ بعض صحابہ اُسکو بُرا سمجھتے تھے وہ چاہتے تھے کہ مصحف مین سوائے قرآن کے اور کوئی چیز نہ لکھی جائے عبدالملک کے زمانہ مین ابوالاسود یا امام حسن بصری نے اسمین نقطہ بنائے اور اُنکے بعد پھر خمس او عشر لکھے گئے اور سورتون اور پارون کے نام بھی لکھدئیے گئے۔ علما اِن سب چیزون کے جواز پر متفق ہین اسلئے کہ ایسی کوئی چیزین نہین ہین جنکے قرآن ہونے کا شبہہ ہو اور منع اُن چیزون کا لکھنا ہے جنکے قرآن ہونے کا شبہ پڑے۔

قرآن مجید کے فضائل اور اُسکی تلاوت وغیرہ کا ثواب

قرآن مجید کی عظمت اور اسکی فضیلت اور رفعت کے لئے اسیقدر کافی ہے کہ وہ خداوند عالم خالق لوح وقلم کا کلام ہے تمام عیوب ونقائص سے بری اور پاک ہے فصاحت وبلاغت اسکی تمام عرب نے مان لی ہے بڑے بڑے فصاحت وبلاغت کے مدعی اُسکے مثل دو تین فقرے بھی صدہا برس کی کوششون مین نہ بنا سکے برسرِ مجمع اعلان بھی دیا گیا جوش دلانے والے خطاب سے کہا گیا کہ اگر تم اس کلام خدا ہونے مین شک کرتے ہو اور اِس کلام کو کلام بشر سمجھتے ہو تو تم اُسکی چھوٹی سی چھوٹی سورت کے مثل کوئی عبارت بنالاؤ اور تمام اعوان وانصار کو جمع کرو ہرگز نہ بنا سکوگے ہرگز نہ بنا سکوگے قوم نے جب اس کلام معجز نظام کو سنا بیساختہ کہہ اُٹھے اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا یعنے ہم نے بیشک ایک عجیب قرآن سُنا جو نیکی کی طرف ہدایت کرتا ہے ہم اُسپر ایمان لائے اور اپنے پروردگار کا کسی کو شریک ہرگز نہ سمجھینگے۔ خود اللہ جل شانہ اِس مقدس کلام کی تعریف فرماتا ہے۔ پھر ہم لوگون کی زبان وقلم مین کیا طاقت ہے کہ اوسکے اوصاف وفضائل کا ایک شمہ بھی بیان کرسکین۔ اسکی تلاوت اور پڑھنے پڑھانے کا ثواب محتاجِ بیان نہین تمام علمائے امت متفق ہین کہ کوئی ذکر تلاوت کلام مجید سے زیادہ ثواب نہین رکھتا احادیث اِس باب مین بیش از بیش ہین نمونے کے لئے چند حدیثین نقل کی جاتی ہین۔

(۱) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو کوئی قرآنِ مجید کے پڑھنے مین مشغول ہو اور دعا یا کسی دوسرے ذکر کی اسکو فرصت نہ ملے مین اس عا مانگنے والون سے بھی زیادہ دونگا اور کلام اللہ کی بزرگی تمام کلامون پر ایسی ہے جیسے خدا کی بزرگی تمام مخلوقات پر (سنن دارمی) (۲) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآنِ مجید اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ محبوب ہے تمام آسمانون اور زمینون اور اُن چیزون سے جو اسمین ہین (سنن دارمی) (۳) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر قرآن مجید کسی کھال مین ہو تو وہ کھال نہین جل سکتی (دارمی) کھال سے مراد قلب مومن ہے اگر اس مین قرآنِ مجید ہو تو عذاب دوزخ سے محفوظ رہے (۴) نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ تین قسم کے لوگون کو قیامت مین خوف نہ ہوگا نہ اُن سے حساب لیا جائیگا اون تینون مین سے قرآنِ مجید پڑھنے والے کو آپ نے بیان فرمایا (دارمی) (۵) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے خطبہ مین ارشاد فرمایا کہ اے لوگو مین بھی ایک آدمی ہون قریب ہے کہ میرے پروردگار کیطرف سے کوئی مجھکو بلانے آئے اور مین چلا جاؤن مین تم مین دو گران قیمت اور بزرگ چیزین چھوڑے جاتا ہون ایک خدا کی مقدس کتاب اسمین ہدایت اور نور ہے پس تم اللہ کی کتاب کو مضبوط پکڑلو اور اسپر عمل کرو (دارمی) (۶) راوی کہتا ہے کہ پھر آپ نے اسپر بہت رغبت دلائی۔ دوسرے میرے اہلبیت ہین تم کو خدا کا خوف یاد دلاتا ہون اپنے اہل کی رعایت حقوق مین (سنن دارمی) (۶) قرآن مجید کی تلاوت کیوقت ملائکہ رحمت کا نزول ہوتا ہے صحیح بخاری مین اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک رات کو وہ سورۂ بقر پڑھ رہے تھے اور ان کا گھوڑا قریب ہی تھا کہ وہ بھڑکنے لگا وہ چپ ہوگئے گھوڑا بھی چپ ہوگیا پھر انہون نے پڑھنا شروع کیا پھر اُسکی وہی حالت ہوئی پھر انہون نے سکون کیا گھوڑا بھی چپ ہو رہا تب انہون نے تلاوت موقوف کردی اس خیال سے کہ اِن کے صاحبزادے یحییٰ قریب ہی تھے کہین گھوڑا زیادہ بھڑکے اور وہ صاحبزادہ کچل نہ جائین صبح کو یہ واقعہ حضرت رسالتؐ مین عرض کیا آپ نے فرمایا کہ اے ابن حضیر پڑھے جاؤ پڑھے جاؤ تب اونھون نے اپنا وہ خوف عذر مین پیش کیا اور کہا کہ بعد تلاوت ختم کرنے کے مین نے سر اُٹھاکر دیکھا تو ایک ٹکڑا ابر کا تھا جسمین چراغ روشن تھے یہان تک کہ وہ نظر سے غائب ہوگیا حضرت نے فرمایا کہ جانتے ہو یہ کیا چیز تھی اونھون نے عرض کیا نہین آپ نے فرمایا یہ فرشتے تھے تمھاری قرأت کے سبب سے نزدیک آگئے تھے اگر تم پڑھے جاتے تو تمھارے پاس وہ فرشتے آجاتے اور صبح کو سب لوگ انکو دیکھتے اِس قسم کا واقعہ کئی صحابہ کو قرأت قرآن شریف کے وقت پیش آیا جو صحیح احادیث مین مروی ہے اور کئی قصے صحیح بخاری مین ہین۔ (۷) نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ حسد کی اجازت نہین مگر دو شخصون پر ایک وہ جو قرآن مجید پڑھا ہو اور وہ اسکی تلاوت مین رات کو مشغول رہتا ہو دوسرے وہ جسکو اللہ نے مال دیا ہو اور

وہ اسکو دِن رات اللہ کی راہ مین صرف کرتا ہو (صحیح بخاری) اِس حدیث مین حسد سے مراد غبطہ ہے دونون مین فرق یہ ہی کہ کسی شخص کی نعمت کے زایل ہو جانیکی خواہش کرنا بغیر اسکے کہ دوسرے
شخص سے زائل ہو غبطہ ہی۔ غبطہ مطلقاً جائز ہے حسد مطلقاً ناجائز اِس حدیث مین غبطے کی اجازت صرف انہین دونون چیزون مین منحصر کرنا مقصود نہین بلکہ مطلب یہ ہی کہ کوئی نعمت ان دو نعمتون
سے بڑھکر نہین جسکے حاصل ہونے کی خواہش کیجاے۔ (٨) ابو صالحؓ سے مروی ہے کہ قرآن مجید اپنے پڑھنے والونکی قیامت مین سفارش کریگا۔ پس اُسکو لباس کرامت پہنایا جائیگا پھر
قرآن مجید کہے گا کہ اے اللہ اور زیادہ اسکے اوپر انعام فرما تب اسکو تاج کرامت پہنایا جائیگا۔ پھر کہیگا اے اللہ اور زیادہ دے یہانتک کہ اللہ تعالیٰ اپنی رضامندی کے گران بہا خلعت
اوس شخص کو عطا فرمائیگا (سنن دارمی) (٩) جو شخص اچھی طرح قرآن مجید پڑھے اور اسکے حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانے اللہ تعالیٰ اسکو جنت مین داخل کریگا اور اس کے دس
عزیزون کے حق مین جو مستحق دوزخ ہون گے اسکی سفارش قبول فرماویگا (ترمذی، ابن ماجہ) (١٠) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن مجید پڑھنے والیکو ہر حرف کے عوض دس
نیکیان ملتی ہین مین نہین کہتا کہ الٓمٓ ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے اور لام ایک حرف ہے اور میم ایک ہی (سنن دارمی) مقصود یہ کہ حرف الٓمٓ کہنے سے تیس نیکیان ملتی ہین اللہ اکبر
(١١) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سب مین بہتر وہ شخص ہی کہ جس نے قرآن شریف کو پڑھا اور پڑھایا یہ حدیث ابو عبدالرحمن نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے سنکر قرآن
مجید پڑھانا شروع کیا حضرت عثمان کے وقت خلافت سے حجاج کے زمانے تک پڑھاتے رہے اور فرماتے تھے کہ اسی حدیث نے مجھے اسجگہ بٹھلا دیا ہے کہ قرآن پڑھانے مین
مشغول ہون (صحیح بخاری، سنن دارمی) (١٢) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص اپنے لڑکیکو قرآن مجید تعلیم کرتا ہے حق تعالیٰ اُسکو قیامت مین ایک تاج جنت
کا پہنائیگا (طبرانی) (١٣) معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص اچھی طرح قرآن مجید پڑھے اور اسپر عمل کرے قیامت کے دن اوسکے والدین کو ایک تاج پہنایا
جائیگا جسکی روشنی آفتاب کی روشنی سے بدرجہا بہتر ہوگی پھر کیا کہنا اس شخص کا جسنے پڑھا اور عمل کیا (ابو داؤد) (١٤) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ یہ
قرآن مجید اللہ کا نعمت خانہ ہی اس سے لو جسقدر لے سکو میرے نزدیک اس گھر سے زیادہ بے برکت کوئی مقام نہین جس گھر مین خدا کی کتاب نہو، بیشک وہ دل جسمین
کچھ بھی قرآن نہو ایک ویران گھر ہے جسمین کوئی رہنے والا نہین (دارمی) (١٥) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص قرآن پاک یاد کرکے بھولجاوے وہ قیامت کے دن
جذامی ہوگا معاذ اللہ (صحیح بخاری) (١٦) خالد بن معدان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص قرآن مجید پڑھے اسکو اکہرا ثواب ملیگا۔ جو اُسکو سنے دوہرا ثواب ملیگا (دارمی) اس حدیث
سے علمائے اخذ کیا ہی کہ قرآن مجید کے سننے مین پڑھنے سے بھی زیادہ ثواب ہے (کبیری) نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی بہت مرغوب تھا کہ کوئی دوسرا شخص قرآن مجید پڑھے اور آپ سنین ایک
مرتبہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو ارشاد ہوا کہ تم پڑھکر سناؤ انھون نے کہا مین آپکو سناؤن آپ پر تو نازل ہوا ہے ارشاد ہوا کہ اچھا معلوم ہوتا ہی کہ کسی دوسرے سے سنون۔
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے سورہ نساء پڑھنا شروع کی یہان تک کہ اس آیت پر پہنچے۔ فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ
شَهِيدًا ٥ حضرت نے فرمایا بس بس۔ ابن مسعود فرماتے ہین مین نے دیکھا کہ آپکی چشم مبارک سے آنسو بہ رہے تھے (صحیح بخاری، سنن دارمی) حضرت فاروق اعظم
رضی اللہ عنہ جب کبھی ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کو دیکھتے تو فرماتے کہ اے ابو موسیٰ ہمکو اپنے پروردگار کی یاد دلاؤ وہ قرآن شریف پڑھنا شروع کر دیتے (دارمی) یہ ابو موسیٰ رضی اللہ
عنہ بہت خوش آواز تھے قرآن مجید بہت اچھا پڑھتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اونکے پڑھنے کی بہت تعریف فرمائی ہے۔ اسی طرح قرآن مجید کی خاص خاص
سورتون کے فضایل بھی صحیح احادیث مین بہت وارد ہوے ہین مختصراً چند حدیثین نقل کیجاتی ہین۔ سورہ فاتحہ کی نسبت احادیث مین وارد ہی کہ سبع مثانی اور قرآن
عظیم یہی ہے (صحیح بخاری) ایسی سورت کسی نبی پر نازل نہین ہوئی (مستدرک حاکم) سورہ بقرہ کے حق مین آیا ہی کہ جس گھر مین پڑہی جاوے وہان سے شیطان بھاگ جاتا ہی
(ترمذی) اِسکو پڑھو برکت ہوگی ورنہ حسرت ہوگی (مسلم) دو تر و تازہ چیزونکو پڑھا کرو بقرہ و آل عمران یہ دونون قیامت مین اپنے پڑھنے والونکی شفاعت کرین گی اور
مالک روز جزا سے جھگڑکر اسکو بخشائین گی۔ آیت کرسی تمام آیات قرآنی کی بزرگ اور سردار ہے (مسلم) آخر سورہ بقر کی دو آیتین جس گھر مین پڑھی جاوین تین دن تک شیطان
اس گھر کے قریب نہین آتا (ترمذی) سورہ انعام جب اتری تو حضرت نے تسبیح پڑہی اور فرمایا کہ اسقدر فرشتے اُسکے ساتھ تھے کہ آسمان کے کنارے بھر گئے (مستدرک) سورہ
کہف جمعہ کو جو شخص پڑھے اُسکے لئے ایک نور ہوگا دوسرے جمعہ تک (مستدرک) اور اُسکے لئے نور ہوگا قیامت کے دن (حصن حصین) سورہ یٰسین قرآن مجید کا دل ہی جو
خدا کے لئے پڑھے وہ بخشا جاے گا۔ اِسکو اپنے مُردون پر پڑھو (مستدرک حاکم) سورہ فتح مجکو تمام چیزون سے محبوب ہی (صحیح بخاری) سورہ مُلک نے ایک شخص کی سفارش کی
یہان تک کہ وہ بخشدیا گیا (صحاح ستہ) یہ اپنے پڑھنے والے کے لئے دعاے مغفرت کرتی ہی یہانتک کہ وہ بخشدیا جائیگا (صحیح ابن حبان) مین چاہتا ہون کہ یہ سورت ہر مومن
کے دل مین رہی (مستدرک حاکم) یہ سورت اپنے پڑھنے والیکو عذاب قبر سے بچاتی ہے جو اِسکو رات کو پڑھ لے اِس نے بہت نیکی اور اچھا کام کیا (مستدرک) سورہ اِذَا زُلْزِلَتْ
نصف قرآن کے برابر ثواب رکھتی ہے (ترمذی) سورہ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ مین ربع قرآن مجید کے برابر ثواب ہی (ترمذی) سورہ اِذَا جَاءَ کا بھی ثواب ربع قرآن کے
برابر ہے (ترمذی) سورہ اخلاص مین ثلث قرآن مجید کا ثواب ہے (بخاری) ایک شخص اس سورت کو ہر نماز مین پڑھا کرتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان سے کہدو کہ اللہ
اُنکو دوست رکھتا ہے (صحیح بخاری) اِسکی محبت تمکو جنت مین داخل کریگی (صحیح بخاری) ایک شخص کو یہ سورۃ پڑھتے ہوئے آپ نے سُنا تو فرمایا کہ جنت ضروری ہوگئی (ترمذی،
سورہ فَلَق اور نَاس اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ محبوب ہے (مستدرک) اس سے بڑھکر کوئی دعا، استفادہ نہین ہی (نسائی) یعنی بہت اعلیٰ درجہ کی دُعا ہی اور اسکے پڑھنے سے
تمام بلاؤن سے نجات ملیگی اور ملتی ہے جب سے یہ دونون سورتین نازل ہوئین نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہین کو ورد کرلیا اور دوسری دعائین جو شر جن یا حسد وغیرہ سے بچنے کے
لئے پڑھتے تھے وہ چھوڑ دین (ترمذی) قرآنِ مجید تمام امراض جسمانی و روحانی کی دوا ہی اللہ تعالیٰ فرماتا ہی۔ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ٥ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ ٥
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی سچے دِل سے قرآنِ مجید پڑھے تو پہاڑ بھی ہل جاے۔ علامہ سیوطی اتقان مین لکھتے ہین کہ قرآنِ پاک طب روحانی ہی بشرطیکہ کوئی زبان
سے ادا ہو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہر مرض کی شفا اِس سے حاصل ہوتی ہے مگر چونکہ نیک لوگ کم ہین اور ہر کس و ناکس کی زبان مین اثر نہین ہوتا اسلیے لوگون نے طب جسمانی کیطرف
رجوع کیا خاص خاص سورتون کے خواص بھی صحیح احادیث سے بہت وارد ہوے ہین سیکڑون مریضونکو اِس سے شفا ہوئی ہے ہزارون بلائین دفع ہوئی ہین۔ صحیح بخاری
مین متعدد طریق سے مروی ہے کہ ایک شخص کو سانپ نے کاٹ لیا تھا کچھ صحابہ وہان مسافرانہ اُترے ہوے تھے اُن سے ایک شخص نے آکر کہا کہ یہان کے سردار کو سانپ
نے کاٹا ہے آپ لوگون مین کوئی جھاڑتے ہون تو چلین انہین سے ایک صحابہ چلے گئے اور انھون نے سورہ فاتحہ پڑھکر پھونکدیا وہ اچھے ہو گئے کشتی پر سوار ہوتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ

مَجۡرٖبَهَا وَمُرۡسٰهَا اِنَّ رَبِّیۡ لَغَفُوۡرٌ الرَّحِیۡمٌ ہ پڑھ لینے سے کشتی غرق ہونے سے محفوظ رہتی ہے (اتقاق) قُلِ ادۡعُوا اللّٰهَ اَوِ ادۡعُوا الرَّحۡمٰنَ ۔ آخر سورۃ تک پڑھ لینے سے چوری
سے امان ہوتا ہے (اتقان) رات کو جس وقت اٹھنا منظور ہو سوتے وقت آخر سورۂ کہف پڑھ لے ضرور آنکھ کھل جائیگی ایک راوی اس حدیث کے کہتے ہین کہ یہ میری آزمودہ ہے
(اتقاق) قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ بِغَيْرِ حِسَابٍ ہ تک پڑھ لینا ادائے قرض کے لئے مفید ہے (اتقان) یہ آیت اِس بندۂ ناچیز کی آزمودہ ہی مگر مجھے ایک
خاص طریقہ اسکے پڑھنے کا بتلایا گیا ہی وہ یہ ہی کہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھکر سات مرتبہ پڑھے واقعی بہت سریع التاثیر ہے چالیس دن بھی نہین گذرنے
پاتے کہ اثر ہونے لگتا ہی رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ہ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو چالیس دن تک پڑھنے سے کامیاب ہو جاتی ہی علیٰ ہذا دیگر فوائد و خواص بعض
انہین آیات اور سورتون کے مفصل تحریر ہین جو ندکور ہوئین و نیز علاوہ آنہا۔

بَابْ خواص مین بعض سورتون اور آیات کے

ذضیلت استعاذہ و بسم اللہ ۔ حکمتِ استعاذہ مین استیذان و قرع باب ہی بادشاہ کے در پر جو کوئی آتا ہے بغیر اذن کے اندر نہین جاتا اسی طرح قاری قرآن ارادہ دخول کا مناجات مین
ہمراہ حبیب کے کرتا ہے تو ضرور ہے کہ زبان کو فضول کلام و بہتان سے پاک کر کے آئے اہل معرفت نے کہا یہ کلمہ وسیلہ ہی مقربین کا اور اعتصام ہے خائفین کا اور رجعی ہے ہالکین کا
اور مباسطہ محبتین کا اور امتثال ہے قول رب العالمین کا سورہ نحل مین فرمایا ہے فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ مختار جمہور یہ قول ہے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ
الخ وَهُوَ اَثْبَتُ رِوَايَةً کہتے ہین جبرئیل علیہ السلام پہلے ہی استعاذہ و بسملہ لائے تھے پھر اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ ابن عباس نے اسکو اجلال قرآن و مفتاح فرقان کہا ہی اور تعیذ
باللہ کہنا مطابق قرآن کے ہے علما کہتے ہین استعاذہ کہنا سنت ہے **ف** ابن عمر نے مرفوعا کہا ہی کَانَ جِبْرَئِيْلُ اِذَا جَاءَ بِالْوَحْيِ اَوَّلَ مَا يُلْقِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَخْرَجَهُ الدَّارَقُطْنِيُّ
عثمان رضی اللہ عنہ رفعا کہتے ہین هُوَ اِسْمٌ مِّنْ اَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ اسْمِ اللّٰهِ الْاَكْبَرِ اِلَّا كَمَا بَيْنَ سَوَادِ الْعَيْنِ وَبَيَاضِهَا مِنَ الْقُرْبِ رَوَاهُ ابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ وَ
الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ وَاَبُوْ ذَرٍّ الْهَرَوِيُّ وَالْخَطِيْبُ الْبَغْدَادِيُّ اور شعبی نے کہا ہی کہ اسم اعظم الٰہی یا اللہ ہے بخاری کا لفظ جابر سے یہ ہے کہ اللہ کا نام اعظم اللہ
ہے تو نہین دیکھتا کہ سارے قرآن مین اِسی نام سے شروع کیا جاتا ہی حدیث اُم سلمہ مین رفعا اسکو ایک آیت فاتحہ ٹھہرایا ہی رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالْحَاكِمُ ابن
عباس کہتے ہین جب جبرئیل آتے اور بسم اللہ پڑھتے تو حضرت جان لیتے کہ یہ سورت ہی رواہ الحاکم باسناد صحیح ابن مسعود نے کہا ہی ہم فصل ما بین السورتین نجانتے یہانتک کہ بسملہ
اترتی بعض اہل معرفت کہتے ہین اَلْبَسْمَلَةُ كَلِمَةٌ قُدْسِيَّةٌ مِّنْ كَنْزِ الْهِدَايَةِ وَخِلْعَةٌ ... رُبُوْبِيَّةٌ مِّنْ خِلَعِ الْوِلَايَةِ وَرُسُلَةٌ قُرْبِيَّةٌ لِّاَهْلِ الْعِنَايَةِ وَرَحْمَةٌ خَاصَّةٌ لِّاَهْلِ
الْجِنَايَةِ وَهِيَ اٰيَةٌ عِنْدَ الشَّافِعِيِّ مِنْ رَّاْسِ كُلِّ سُوْرَةٍ وَّعِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اِنَّهٗ نَافِذَةٌ لِّلْفَصْلِ بَيْنَ السُّوَرِ اِنْتَهٰى **ف**
ابو ہریرہ رفعا کہتے ہین كُلُّ اَمْرٍ ذِيْ بَالٍ لَّا يُبْدَاُ فِيْهِ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَهُوَ اَقْطَعُ اَخْرَجَهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ
وَابْنُ مَاجَةَ یعنے جس امر شریف کے آغاز مین بسم اللہ نہین کہی جاتی ہی وہ امر ناقص قلیل الفائدہ یسیر البرکت ہوتا ہے یہ دلیل ہے اسبات پر کہ اول مین ہر
امر شریف کے اللہ پاک کا نام لینا سنت ہے جیسے طعام و شراب و وضو و غسل و جماع و نحوہا اگر بھول جاے تو یون کہہ لے بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ ہ خدا کا نام بھی نام خدا کیا راحت
جان ہے ؛ عصائے پیر ہے تیغ جوان ہے حرز طفلان ہے ؛ وہب بن منبہ کہتے ہین اللہ نے اِن کلمات کو ایک ایسا سلطان دیا ہی جو اور کلمات کو نہین دیا اتمام طہارت
حلت ذبیحہ منع شیطان استمرار طعام و نحوہا سب اسی کے کہنے سے ہوتا ہے اگر کوئی سچے دل سے اُسکو کہے تو نہ دریا مین ڈوبے نہ آگ مین جلے نہ سانپ بچھو اُس کو کاٹے اِسمین ۱۹ حرف
ہین زبانیہ نار بھی ۱۹ ہین اللہ انکے باعث سے اسکے قائل کو محفوظ رکھتا ہے جعفر بن محمد نے کہا ہے شیطان مرد کے ذکر پر ہوتا ہے جب وہ وقت جماع کے بسم اللہ نہین کہتا تو ہمراہ
اسکے جماع کرتا ہے اور مثل مرد کے فرج مین اُسکی منزل ہوتا ہے **حکایت** ایک شخص نے ابن عباس سے کہا تھا میری جورو بیدار ہوئی اُس کی شرمگاہ مین ایک شعلہ نار
کا تھا کہا یہ وطی ہے شیطان کی تو جب جماع کرے بسم اللہ کہہ مین کہتا ہون کہ یہ ادب جماع کا حدیث مرفوع مین بھی آیا ہے اکثر لوگ اس سے غافل ہین اِسی لئے انکی اولاد شیطان
ہوتی ہے اور صلاح و فلاح سے دور پڑ جاتی ہے **ف** خصائص بسم اللہ شریف یہ ہی کہ جو شخص اسکو اکثر کہا کرتا ہے ہر کام مین اسکو اللہ رزق دیتا ہے اور لوگون کے دل مین اسکی ہیبت ہوتی ہی
سوتے وقت اکیس بار پڑھنے سے اس رات کو شر جن و انس و شیطان و سرقہ و حریق و موت مفاجات اور ہر بلا و آفت سے محفوظ رہتا ہے اگر کان مین دیوانے کے اکتالیس بار پڑھی جائے
یا مصروع پر تو اسکو جلد افاقہ ہو جاتا ہے ظالم اور حاکم جابر کے سامنے پچاس بار پڑھنے سے اِس کے دل مین رعب آجاتا ہے وہ ذلیل و خاشع ہو جاتا ہے واسطے استسقا کے اکہتر بار پڑھنا
کسی جگہ مین ہو بہ نیت خالص مفید ہے جس دردمند یا مسحور پر سو بار پڑھی جائے سات دن تک لگاتار وہ درد و سحر باذن خدا جاتا رہتا ہے اور ایکسو تیرہ بار پڑھنا اسکا دن جمعہ کے جب خطیب منبر پر
ہو ہمراہ سوال حاجت کی محصل مطلوب ہے اور مداومت کرنا اسکی قرات پر بعدد حساب ابجد یعنی سات سو چھیاسی بار بہ نیت خالص کسی مہم مین واسطے قضاے حاجت یا دفع ضرر اعداو
ظلمہ کے باذن خدا محصل مطلوب ہے اور اسیقدر روزہ رکھ کر خلوت مین پڑھنا اسرع تر ہے تحصیل مطلوب مین اور دو نیم ہزار بار چالیس صبح تک باعتقاد صحیح و ملاحظہ فضائل و خصائص پڑھنا موجب
فتح قلب ظہور عجائب اسرار کا ہے **ف** اگر بسم اللہ کو اکیس بار لکھکر بچے پر لٹکا دیا جاے تو وہ نیند مین نہ ڈرے اور ہر آفت سے محفوظ رہے اور ۳۵ بار لکھکر گھر مین لٹکائی جائے تو اس مین شیطان و
جن نہ آسے اور مال کسب مین برکت ہو اور اگر دوکان پر لٹکاے تو نفع زیادہ آئے اور اگر غرہ محرم کو ایک سو تیرہ بار لکھکر اپنے ہمراہ رکھے تو کوئی مکروہ اہل و عیال مین نہ دیکھے اور اگر ایکسو ایکبار
لکھکر باغ مین دفن کر دے تو زراعت خوب ہو اور فصل اچھی آئے اور برکت حاصل ہو اِس کے سوا اور بہت فوائد ہین جن کا تجربہ اہل علم و عمل کو ہوا ہے وللہ الحمد **ف** اہل علم کا اختلاف ہی کہ بعض
قرآن بعض سے افضل ہے یا نہین ابو الحسن اشعری و بعض ائمہ اعلام و امام مالک و یحیی بن یحیی نے کہا ہے کہ نہین ہے اور ابن حبان نے کہا ہے کہ ہے اور بعض نے تفصیل کی ہے
مطابق ظواہر احادیث کے منہم ابن راہویہ و ابو بکر ابن العربی و الغزالی و قرطبی نے کہا اَنَّهُ الْحَقُّ وَنَقَلَهٗ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الْعُلَمَاءِ وَالْمُتَكَلِّمِيْنَ ابن الحصار نے کہا
ذرا اختلاف کا اس جگہ تعجب ہے اِس لئے کہ تفصیل مین نصوص صحیحہ وارد ہین غزالی نے جواہر القرآن مین کہا ہے ۔ اِنْ كَانَ لَا يُرْشِدُكَ اِلَى الْفَرْقِ بَيْنَ اٰيَةِ الْكُرْسِيِّ
وَاٰيَةِ الْمُدَايَنَةِ وَبَيْنَ سُوْرَةِ الْاِخْلَاصِ سُوْرَةِ تَبَّتْ وَتَرْتَاعُ عَلٰى اِعْتِقَادِ الْفَرْقِ نَفْسُكَ الْخَوَّارَةُ الْمُسْتَغْرِقَةُ بِالتَّقْلِيْدِ فَقَلِّدْ صَاحِبَ الرِّسَالَةِ فَهُوَ الَّذِيْ اُنْزِلَ
عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ وَقَالَ سُوْرَةُ يٰسٓ قَلْبُ الْقُرْاٰنِ وَفَاتِحَةُ الْكِتَابِ اَفْضَلُ سُوَرِ الْقُرْاٰنِ وَاٰيَةُ الْكُرْسِيِّ سَيِّدَةُ اٰيِ الْقُرْاٰنِ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ

الْقُرْاٰنِ وَالْاَخْبَارُ الْوَارِدَةُ فِیْ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ وَتَخْصِیْصِ بَعْضِ السُّوَرِ وَالْاٰیٰتِ بِالْفَضْلِ وَکَثْرَةِ الثَّوَابِ فِیْ تِلَاوَتِهَا لَا تُحْصٰی اِنْتَهٰی ۔

باب بیان مین فضائل سورہ فاتحہ کے

اِس سورہ مبارک کے تیس نام ہین کثرت اسما کی دلیل ہوتی ہے شرف مسمی پر خزینۃ الاسرار مین اسما مذکور ہ قوم ہین بسم اللہ ایک آیت ہی اس سورت کی نزدیک شافعی
کے نہ نزدیک ابو حنیفہ کے قول اول اولے ہے بلکہ آیت ہے ہر سورت کی قَالَ تَعَالٰی وَلَقَدْ اٰتَیْنٰکَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ عمر و علی و قتادہ و عطا و حسن و سعید بن جبیر نے
کہا مراد اس سے فاتحۃ الکتاب ہے حدیث ابو سعید بن المعلی مین فاتحہ کو اعظم سورت اور سبعہ مثانی اور قرآن عظیم فرمایا ہے رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَاَحْمَدُ وَالدَّارِمِیُّ وَاَبُوْ
دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ وَابْنُ جَرِیْرٍ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاکِمُ وَابْنُ مَرْدَوَیْہِ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ وَّالْبَیْہَقِیُّ اور حدیث ابو ہریرہ مین بذیل قصہ ابی بن
کعب فرمایا ہے وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ فِی التَّوْرٰىۃِ وَلَا فِی الْاِنْجِیْلِ وَلَا فِی الزَّبُوْرِ وَلَا فِی الْفُرْقَانِ مِثْلَهَا اَلْحَدِیْثَ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا
حَدِیْثٌ حَسَنٌ اور حدیث انس مین اسکو افضل قرآن کہا ہے رواہ ابن حبان والحاکم والبیہقی اور حدیث طویل ابو ہریرہ مین کہا ہے قال اللہ تعالی قَسَمْتُ الصَّلٰوۃَ بَیْنِیْ
وَبَیْنَ عَبْدِیْ نِصْفَیْنِ اَلْحَدِیْثَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ پھر فاتحہ کا نصفا نصف ہونا ذکر کیا ابن عباس کہتے ہین جبرئیل حضرت کے پاس بیٹھے تھے اتنے مین ایک آواز اوپر
سے سُنی سر اُٹھا کر کہا یہ ایک دروازہ ہے آسمان کا جو آجتک کھلا تھا اتنے مین ایک فرشتہ اُترا کہا یہ ایک فرشتہ ہے آجتک زمین پر نہ آیا تھا اُس نے سلام کیا اور کہا اَبْشِرْ
بِنُوْرَیْنِ اُوْتِیْتَهُمَا لَمْ یُؤْتَهُمَا نَبِیٌّ قَبْلَکَ فَاتِحَۃُ الْکِتَابِ وَخَوَاتِیْمُ سُوْرَۃِ الْبَقَرَۃِ لَنْ تَقْرَءَ بِحَرْفٍ مِّنْهُمَا اِلَّا اُعْطِیْتَہٗ رَوَاہُ مُسْلِمٌ **ف** شیخ ابن عربی نے
فتوحات مین لکھا ہے اِذَا قَرَأْتَ فَاتِحَۃَ الْکِتَابِ فَصِلْهَا بِبَسْمَلَتِهَا فِیْ نَفَسٍ وَّاحِدٍ مِّنْ غَیْرِ قَطْعٍ پھر اپنی سند متصل مسلسل بالحلف سے ابو الحسن کناری سے شہر موصل مین
۶۰۱ھ مین لیکر تا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم حَالِفًا عَنْ جِبْرَئِیْلَ حَالِفًا عَنْ مِیْکَائِیْلَ حَالِفًا عَنْ اِسْرَافِیْلَ یون روایت کیا ہے قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا اِسْرَافِیْلُ
بِعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ وَجُوْدِیْ وَکَرَمِیْ مَنْ قَرَءَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مُتَّصِلَۃً بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ مَرَّۃً وَّاحِدَۃً اَشْهَدُوْا عَلَیَّ اَنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لَہٗ وَقَبِلْتُ مِنْہُ
الْحَسَنَاتِ وَتَجَاوَزْتُ عَنْہُ السَّیِّاٰتِ وَلَا اَحْرُقُ لِسَانَہٗ بِالنَّارِ وَاُجِیْرُہٗ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَالْفَزَعِ الْاَکْبَرِ وَیَلْقَانِیْ
قَبْلَ الْاَنْبِیَآءِ وَالْاَوْلِیَآءِ اَجْمَعِیْنَ مین کہتا ہون یہ حدیث مین نے کسی کتاب حدیث مین نہین دیکھی لکن ایک جماعت مشائخ نے اتصال میم رحیم کا ساتھ لام الحمد کے اپنے
اعمال مین لکھا ہے اور اسکو مجرب بتایا ہے جیسے صاحب قول جمیل اور شرحی اور محمد نازلی وغیرهم اور اُنکی سند مین ہر راوی نے حلف کیا ہے واللہ اعلم ماجرا کیا ہے اتصال سے
ہر شخص نے اتصال میم کالام سے سمجھا ہے لکن لفظ حدیث عام ہے ایک یہ معنی بھی ہوسکتے ہین کہ فاتحہ بے بسم اللہ کے نہ پڑھے اسلئے کہ بسم اللہ ایک آیت ہے فاتحہ کی نزدیک
جمہور کے تو اسکا ہر بار ہمراہ الحمد کے ملا کر پڑھنا چاہیئے اور فقط اتصال میم ولام پر اِس اجر عظیم کا مرتب فرمانا اگر کوئی سِرّ الٰہی ہے تو اللہ ہی جانے ہان اگر ثبوت اِسکا بطریق صحیح معتبر
کسی کتاب معتمد حدیث سے بھی ہاتھ آجائے تو پھر کیا کہنا نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ہے معہذا اتصال میم ولام مین کوئی معنی قرآن کے معتبر نہین ہوتے ہین کہ ہم اُسپر حکم فساد کا کرین بلکہ یہ ترکیب
ایک قسم کی قرات ہے اسطرح پر پڑھنا اِسکا بجاے خود منہی عنہ نہین ہوسکتا ہے واللہ اعلم حدیث عبادہ بن صامت مین فرمایا ہے اُمُّ الْقُرْاٰنِ عِوَضٌ عَنْ غَیْرِهَا وَلَیْسَ
غَیْرُهَا عِوَضًا مِّنْهَا اَخْرَجَہُ الدَّارَقُطْنِیُّ وَالْحَاکِمُ عبد اللہ بن جابر کا لفظ یہ ہے اَخْیَرُ سُوْرَۃٍ فِی الْقُرْاٰنِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْہَقِیُّ سائب
بن یزید کہتے ہین عَوَّذَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ تَفْلًا رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ ابن عباس کہتے تھے فاتحہ برابر دو ثلث قرآن کے ہے اور حدیث ابو ہریرہ
مین فرمایا ہے ۔ مَنْ صَلّٰی صَلٰوۃً لَّمْ یَقْرَأْ فِیْهَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَهِیَ خِدَاجٌ هِیَ خِدَاجٌ هِیَ خِدَاجٌ غَیْرُ تَامٍّ قَالَ الرَّاوِیْ فَقُلْتُ یَا اَبَا هُرَیْرَۃَ اِنِّیْ اَحْیَانًا اَکُوْنُ وَرَآءَ الْاِمَامِ
فَغَمَزَ ذِرَاعِیْ فَقَالَ اِقْرَأْ بِهَا یَا فَارِسِیُّ فِیْ نَفْسِکَ اَلْحَدِیْثَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ وَاَهْلُ السُّنَنِ الْاَرْبَعَۃِ وَمَالِکٌ فِی الْمُوَطَّا وَابْنُ جَرِیْرٍ وَابْنُ الْاَنْبَارِیِّ
بِالسَّنَدِ الْمُتَّصِلِ انس کا لفظ یہ ہے کہ حضرت نے فرمایا لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَّمْ یَقْرَأْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ رَوَاہُ اَصْحَابُ الصِّحَاحِ السِّتَّۃِ وَاَحْمَدُ یہ دلیل ہے اسبات پر کہ امام
کے پیچھے بھی فاتحہ پڑھے یہی راجح بلکہ متعین ہے کیونکہ نہ پڑھنے مین خوف نماز کے نہ ہونے کا لگا ہوا ہے اور پڑھنے مین کوئی کھٹکا نہین ہے فَدَعْ مَا یَرِیْبُکَ اِلٰی مَا لَا یَرِیْبُکَ
انس رفعًا کہتے ہین اِذَا قَرَأْتَ فَاتِحَۃَ الْکِتَابِ وَقُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ فَقَدْ اَمِنْتَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا الْمَوْتَ رَوَاہُ الْبَزَّارُ عبد اللہ بن جابر نے رفعًا کہا ہے اِنَّ فِیْهَا شِفَآءً
مِّنْ کُلِّ دَآءٍ اَلْحَدِیْثَ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْہَقِیُّ ابو سعید خدری کا لفظ یہ ہے فَاتِحَۃُ الْکِتَابِ شِفَآءٌ مِّنْ کُلِّ سَمٍّ علی مرتضی کا لفظ رفعًا یہ ہے خَیْرُ الدَّوَاءِ الْقُرْاٰنُ
رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ جب سارا قرآن دوا ٹھیرا تو فاتحہ بالاولے شفا ٹھیریگی اس لیئے کہ افضل واخیر قرآن ہے بنص حدیث شریف **ف** اہل علم نے کہا ہے اس سورت مین
ہزار خاصیت ظاہر ہے اور ہزار خاصیت باطن ہے یہ بالاتفاق سات آیت ہی ۲۵ کلمہ ہین اکسو پچیس حرف ہین یا ۱۲۳ یا ۱۳۰ یہ اختلاف بحسب کتابت و قرات کے ہے بس بس

حکایت بلدہ ملتان مین وبا عظیم آئی تھی شیخ تیمی نے اپنے اصحاب کو حکم دیا کہ فاتحہ کو ہمراہ وصل بسم اللہ کے ہر مریض طاعون و وبا پر پڑھکر دم کرو چنانچہ اسی طرح کیا شفا ہوئی
ثمرہ اِسکا مشاہدہ ہوا بعض مشائخ نے کہا ہے فاتحہ کو ساتھ وصل الرحیم کے ۴۱ بار پڑھکر مریض پر دم کردے اللہ اُسکو شفا کردیگا یہ عمل مجربات سے ہے جو شخص فاتحہ کو مع بسم اللہ
درمیان سنت و فرض صبح کے ۴۱ بار ہمیشہ پڑھیگا اگر فقیر ہے غنی ہو جائیگا اور قرضدار ہے قرض اسکا اتر جائے گا اگر بیمار ہے شفا پائیگا اگر ضعیف ہے قوی ہو جائیگا اگر غریب ہے تو درمیان
لوگون کے عزت وشرف بیقیاس حاصل ہوگا اور اگر منصب سے معزول ہو گیا ہے اور اُسکا عود چاہتا ہے تو وہ منصب یا اس سے افضل ملجائیگا اور اگر عقیم ہے تو ولد صالح نصیب
ہوگا پھر اسی ترتیب سے جس درد مند بیمار خصوصًا درد چشم پر پڑھیگا بہ نیت خالص تو اللہ تعالی اسکو شفا دیگا وَهُوَ سِرٌّ مِّنَ الْاَسْرَارِ لَا یَعْرِفُہٗ اِلَّا مَنْ وَّفَّقَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی وَیَلْزَمُ
کَتْمُہٗ عَمَّنْ لَّا یَسْتَحِقُّہٗ وَبِهَا لَا اِجَازَۃَ لِمَنْ دَاوَمَ عَلَیْهَا وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ شیخ محمد نازلی کہتے ہین وَهٰذَا التَّرْتِیْبُ فِیْ هٰذَا الزَّمَانِ نَافِعٌ بَلِیْغٌ لِّلْعَیْنِ وَغَیْرِهَا
مِنَ الْاَمْرَاضِ وَذٰلِکَ قَدْ جُرِّبَ مِرَارًا وَّصَحَّ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسِّرُّ فِیْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ حُسْنُ الظَّنِّ مِنَ الْوَجِیْعِ وَالْعَازِمِ اکتیس بار پڑھنا فاتحہ کا بعد نماز صبح
کے ادراک غرض ونیل مطلوب مین بلا شک وشبہ مجرب ہے وَلِهٰذَا التَّرْتِیْبِ خَوَاصُّ عَجِیْبَۃٌ وَّاَسْرَارٌ غَرِیْبَۃٌ **ف** ابن عربی قدس سرہ نے کہا ہے جسکو کوئی حاجت

ہو وہ بعد فرض وسنت مغرب کے اسی جگہ چالیس بار فاتحہ پڑہے اپنی جگہ سے نہ اٹھے پھر اللہ سے سوال مراد کرے لامحالہ وہ حاجت پوری ہوگی وَقَدْ جُرِّبَ فَوُجِدَ نَافِعًا
ایک خاصیت فاتحہ کی یہ ہے کہ اگر مقید اسکو ایک سو اکیس بار پڑہکر دس بار قید پر دم کرے اللہ کے اذن سے وہ قید منفک ہوجائیگی وَقَدْ جَرَّبَهٗ مَنْ كَانَ مُقَيَّدًا وَ
عَلَيْهِ التَّرْسِيمُ فَانْفَكَّ الْقَيْدُ وَخَرَجَ وَالْحُرَّاسُ رُقُوْدٌ وَنَجَا بِلُطْفِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَبَرَكَةِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ **حکایت** بعض صالحین نے موضع درد
پر ہاتھ رکھکر سات بار فاتحہ پڑہکر یہ کہا تھا اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّيْ سُوْءَ مَا اَجِدُ وَفُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدِ الْمُبَارَكِ الْمَكِيْنِ الْاَمِيْنِ عِنْدَكَ اسکو
بھی سات بار کہا تھا اللہ نے شفا بخشی وَقَدْ جُرِّبَ ذٰلِكَ وَصَحَّ ایک خاصیت فاتحہ کی یہ ہے کہ ہرماہ کے یوم احد اول مین اسکو مع بسملہ ستر بار پڑہے پھر دوشنبہ
کو ساٹھ بار پھر سہ شنبہ کو پچاس بار پھر چہارشنبہ کو چالیس بار پھر پنجشنبہ کو تیس بار پھر جمعہ کو بیس بار پھر سنیچر کو دس بار ہر دن دس بار کم کرتا جاے یہانتک کہ ستر بار سے
دس دس بار پر آئے غرضکہ ہفتہ اول ہرماہ جدید مین اسپر مداومت رکھے **حکایت** شیخ علی حقی کہتے ہین ایک عالم ہندی نے مدینہ منورہ مین اسی طرح مجھ کو ۱۲۶۲ھ
ہجری مین اجازت دی اور کہا ہمارے شیخ ایک خالی جگہ مین لوگون سے بیٹھے تھے اور انکے پاس بہت سے مرید تھے اجناس مختلفہ سے شیخ سب کو ہر دن کھانا انکی مرضی کا کہلاتے
کوئی کسب تھا نہ تجارت یہی تصرف فاتحہ کا تھا بس واللہ الحمد **ف** ابن القیم نے حدیث رقیہ بالفاتحہ مین کہا ہے اِذَا ثَبَتَ اَنَّ لِبَعْضِ الْكَلَامِ خَوَاصَّ وَ
